سوال

سیدنا سلیمان کے تخت یا انگوٹھی کی قسم کھانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ!

کیا کوئی جنات کا عامل کسی بیمار سے جنات اتروانے کے لیے جنات کو سیدنا سلیمان علیہ السلام کے تخت یا آپ کی انگوٹھی کی قسم دے سکتا ہے، یا یہ شرک ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالی علاوہ کسی بھی غیر اللہ کی قسم کھانا حرام ہے، خواہ وہ فرشتے یا نبی یا ولی یا مخلوقات میں سے کوئی بھی مخلوق ہو۔ سیدنا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ تعالی عنہ کو ایک قافلہ میں دیکھا کہ وہ اپنے باپ کی قسم کھا رہے تھے تو رسول اللہ ﷺ نے ان سب قافلہ والوں کو مخاطب کر کے فرمایا:

الاان اللہ عزوجل ینھاکم ان تحلفوا بابائکم فمن کان حالفا فلیحلف باللہ او لیصمت (صحیح مسلم: 47)

خبردار! آگاہ رہو کہ اللہ عزوجل تمھیں اپنے آباء کی قسمیں کھانے سے منع فرمایا ہے پس جو شخص قسم کھانا چاہے تو وہ صرف اللہ تعالیٰ کی قسم کھائے یا خاموش ہو جائے۔''

سیدنا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہی مروی ایک دوسری روایت میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

من کان حالفا فلا یحلف الا باللہ (صحیح مسلم: 1646)

جو شخص قسم کھانا چاہے اسے چاہیے کہ وہ صرف اللہ تعالیٰ کی قسم کھائے۔''

مزید تفصیل کے لئے فتوی نمبر (8426) پر کلک کریں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ